# 05-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔گروپ ون سروس کیلئے منتخب امیدواروں کو آج اس وقت راحت ملی جب تلنگانہ ہائی کورٹ نے واحد جج کے سابقہ فیصلہ کو کالعدم قرار دیا۔

۲۔مرکزی وزیر داخلہ و امدادِ باہمی امیت شاہ نے آج دہلی میں بھارت ٹیکسی کا افتتاح کیا۔ یہ ملک میں کوآپریٹیو پر مبنی پہلا پلیٹ فارم ہے۔

۳۔سپریم کورٹ نے یونین پبلک سروس کمیشن اور تلنگانہ کی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ چار ہفتوں کے اندر تلنگانہ کیلئے باقاعدہ ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کے تقرر کیلئے سفارشات کو قطعیت دیں۔

اور

۴۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج سوال کیا کہ اگر بی جے پی اور بی آر ایس کے درمیان خفیہ معاہدہ نہیں ہے تو بی جے پی کی قیادت نے کالیشورم کیس میں کے سی آر کو اور فارمولا ای ریس کیس میں تارک راما راؤ کو کیوں گرفتار نہیں کیا۔

ENERGY:

بھارت نے کہا ہے کہ 1.4 ارب شہریوں کو توانائی کا تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ دہلی میں آج امورِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے میڈیا کو بتایا کہ مارکٹ اور بین الاقوامی سطح پر بدلتی ہوئی صورتحال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اِس مقصد کا حصول حکومت کی حکمتِ عملی کا اہم جز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے تمام اقدامات اسی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کئے گئے ہیں اور آئندہ بھی کئے جائیں گے۔ وینزولا کے تیل کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جیسوال نے کہا کہ

توانائی کے شعبہ میں وینزولا بھارت کا دیرینہ شراکت دار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 20-2019ء وینزولا خام تیل کیلئے بھارت کا ایک اہم ذریعہ تھا۔ تاہم پابندیوں کے بعد یہ سلسلہ منقطع ہوگیا۔ وینزولا سے 24-2023ء میں تیل کی درآمدات دوبارہ شروع ہوئی لیکن تحدیدات دوبارہ عائد کئے جانے کی وجہ سے درآمدات کو دوبارہ روک دیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ تیل کی سرکاری کمپنیوں کا وینزولا کی قومی آئیل کمپنی کے ساتھ شراکت رہی ہے۔ بھارتی کمپنیاں 2008ء سے وینزولا میں موجود ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ توانائی کی سیکورٹی کیلئے بھارت کے طریقہ کار کے مطابق بھارت وینزولا کے بشمول کسی بھی ذریعہ سے خام تیل کے حصول کے امکانات کا جائزہ لے گا۔

SC-DGP:

سپریم کورٹ نے یونین پبلک سرویس کمیشن اور تلنگانہ کی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ چار ہفتوں کے اندر تلنگانہ کیلئے باقاعدہ ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کے تقرر کیلئے سفارشات کو قطعیت دیں۔ جسٹس سوریہ پرکاش کی زیر قیادت ایک بنچ نے ڈی جی پی کے عہدہ کیلئے مستقل تقرر میں تاخیر کے سلسلہ میں ایک عرضی کی سماعت کرتے ہوئے یہ احکام جاری کئے۔ عدالت نے اِس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ تلنگانہ کے بشمول کئی ریاستیں یو پی ایس سی کو قابل عہدیداروں کی فہرست بروقت پیش کرنے میں ناکام ہورہی ہیں۔ بنچ نے اِس بات کو نوٹ کیا کہ اس تاخیر کے نتیجہ میں اکثر عبوری ڈی جی پیز کا تقرر عمل میں آرہا ہے جس سے قابل عہدیداروں کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔

HC:

گروپ ون سرویس کیلئے منتخب امیدواروں کو آج اس وقت راحت ملی جب تلنگانہ ہائی کورٹ نے واحد جج کے سابقہ فیصلہ کو کالعدم قرار دیا۔ چیف جسٹس کی زیر قیادت ڈویژن بنچ نے واحد جج کے

فیصلہ کو کالعدم قرار دیتے ہوئے امیدواروں کے انتخاب کو صحیح ٹھہرایا۔ واحد جج نے اپنے فیصلہ میں جنرل رینکنگ لسٹ کو منسوخ کردیا تھا اور تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کو ہدایت دی تھی کہ وہ جوابی پرچوں کی دوبارہ جانچ کرائے۔ اِس فیصلہ کے خلاف پبلک سروس کمیشن اور منتخب امیدواروں نے اپیل دائر کی تھی۔ دلائل کی سماعت کے بعد چیف جسٹس کی زیر قیادت بنچ نے آج اپنا فیصلہ سنایا۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے گروپ ون کی جائیدادوں کیلئے بھرتی سے متعلق ہائی کورٹ کے فیصلہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھرتی کے عمل کو سبوتاج کرنے کی کوششوں کے خلاف یہ ایک اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقررات کو روکنے کیلئے کئی سازشیں کی گئیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ حکومت نے کامیابی کے ساتھ قانونی چیالنجوں سے نمٹتے ہوئے امیدواروں کو انصاف کیلئے یقینی بنایا۔ عدالت کے فیصلہ کے بعد چیف منسٹر نے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دی۔ ریاستی تلنگانہ کی تشکیل کے بعد یہ گروپ ون عہدیداروں کی پہلی بیچ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اِن امیدواروں کا انتخاب ریاست کیلئے ایک تاریخ سنگ میل ہے۔ انہوں نے منتخب امیدواروں سے کہا کہ وہ ریاست کی تعمیرنو کی کوششوں میں اپنا رول ادا کریں۔

SANSAD TV:

لوک سبھا سکریٹریٹ میں سنسد ٹی وی کی خدمات میں قابل لحاظ توسیع کا اعلان کیا ہے۔ اِس اقدام سے پارلیمنٹ کی کارروائی اب شہریوں تک ان کی اپنی زبانوں میں پہنچ سکے گی۔ اِن میں تلگو زبان بھی شامل ہے۔ لسانی فاصلہ کو مٹانے کیلئے لوک سبھا سکریٹریٹ اب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں کی جانے والی تقاریر کا ترجمہ راست مقامی زبانوں میں نشر کرے گا۔ دونوں ایوانوں کے ارکان کو

دستور کے آٹھویں شیڈول کے تحت شامل 22 زبانوں میں سے کسی بھی زبان میں اظہارِ خیال کی اجازت ہے۔ اب تک اِن تقاریر کا ہندی اور انگریزی میں ترجمہ ہوتا تھا۔ نئے اقدام سے عوام کو یو ٹیوب لنک کے ذریعہ پارلیمنٹ میں ہونے والی مباحث کو اپنی مادری زبان میں سننے کا موقع ملے گا۔

MEDARAM-HUNDI

انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا نے آج ہنمکنڈہ میں ٹی ٹی ڈی کلیان منڈپم میں حال ہی میں منعقد ہونے والی میڈارم جاترا کے دوران ہنڈی میں جمع رقم کی گنتی کا افتتاح کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جاترا کے دوران 788 ہنڈیاں رکھی گئی تھیں۔ یاتریوں نے اِن ہنڈویوں میں نذرانہ پیش کیا۔ رقم کی گنتی 10 دن تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ کونڈہ سریکھا نے بتایا کہ پچھلی مرتبہ 13 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل ہوئی تھی۔ اس مرتبہ اِس سے زیادہ رقم جمع ہونے کی توقع ہے۔

Cyber:

سائبر سیکورٹی بیورو نے سائبر جرائم کی روک تھام اور ڈیجیٹل سیفٹی کیلئے آج حیدرآباد کمانڈ کنٹرول سنٹر میں شیلڈ 2.0 کا افتتاح کیا۔ چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ اور ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے اِس موقع پر متاثرین کے تحفظ سے متعلق ایک پروگرام کا افتتاح کیا اور سائبر سارتھی پوسٹر کی رسم اجرأ انجام دی۔ اِس موقع پر 2025ء کے دوران حاصل کی گئی کامیابیوں اور 2026ء کے مقاصد کو اجاگر کیا گیا۔ ٹاملناڈو پنجاب کے آئی پی ایس عہدیداروں کے ساتھ مختلف امور پر تبادلہ خیال عمل میں آیا۔

Maoists:

چھتیس گڑھ میں 12 ماؤنوازوں نے بیجاپور ضلع میں خودسپردگی اختیار کی۔ ان میں 8 خواتین بھی

شامل ہیں۔ پولیس نے ان تمام کیلئے 54 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس بستر رینج سندر راج اور دیگر اعلیٰ پولیس اور سی آر پی ایف عہدیداروں کے ساتھ ماؤنوازوں نے ہتھیار ڈال دیئے۔ ماؤنوازوں نے ایک AK47 اور ایک SLR کے بشمول اپنے ہتھیار بھی پولیس کو سونپ دیئے۔ ان ماؤنوازوں نے دستورِ ہند پر اپنے ایقان کا اظہار کیا اور جمہوری نظام میں باوقار زندگی گزارنے کا عہد کیا۔

## Bharat Taxi

مرکزی وزیرِ داخلہ و امدادِ باہمی امیت شاہ نے آج دہلی میں بھارت ٹیکسی کا افتتاح کیا۔ یہ ملک میں کوآپریٹیو پر مبنی پہلا پلیٹ فارم ہے۔ اسے کوآپریٹیو سوسائٹی ایکٹ 2002ء کے تحت رجسٹرڈ کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم زیرو کمیشن کی بنیاد پر کام کرتا ہے۔ اِس کے تحت چلائی جانے والی ٹیکسیوں کے کرائیوں میں اتار چڑھاؤ نہیں ہوگا۔ اس کا نفع راست ڈرائیوروں کو ملے گا۔ اس موقع پر امیت شاہ نے کہا کہ حکومت ٹیکسی خدمات کے شعبہ میں داخل نہیں ہو رہی ہے بلکہ کوآپریٹیو ادارے یہ کام کریں گے۔

## CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج سوال کیا کہ اگر بی جے پی اور بی آر ایس کے درمیان خفیہ معاہدہ نہیں ہے تو بی جے پی کی قیادت نے کالیشورم کیس میں کے سی آر کو اور فارمولا ای ریس کیس میں تارک راما راؤ کو کیوں گرفتار نہیں کیا۔ کریم نگر ضلع کے چوپا دنڈی میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اور بی جے پی دونوں بلدی انتخابات میں ایک دوسرے کو بچانے کی کوشش کر رہی ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس نے اپنے 10 سالہ دورِ

اقتدار میں ریاست کو لوٹا اور نوجوانوں، خواتین اور کسانوں کو نظر انداز کیا۔ چیف منسٹر نے دعویٰ کیا کہ عوام کی جانب سے مسترد کئے جانے کے بعد بی آر ایس نے پارلیمنٹ کے انتخابات میں 8 نشستیں جیتنے میں بی جے پی کی مدد کی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے تلنگانہ کی ترقی کیلئے کچھ نہیں کیا ہے۔ انہوں نے مرکز میں بی جے پی حکومت کو چیالنج کیا کہ وہ بلدی انتخابات سے قبل بی آر ایس کے لیڈروں کو گرفتار کریں۔

☆☆